## سوال

(439) سجدہ میں دعا کا بیان

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سجدہ میں پڑھی جانے والی ادعیہ مختلف الفاظ میں کئی اسناد سے مروی ہیں، تو سوال یہ ہے کہ کیا تمام ادعیہ مأثورہ ایک ہی سجدہ میں پڑھی جا سکتی ہیں یا ایک سجدہ میں ایک ہی دعا بار بار پڑھی جائے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان ادعیہ کو ایک ہی سجدہ میں جمع کرنا، سب کو پڑھنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تو ثابت نہیں۔ البتہ بعض اہل علم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان:

«وَاَمَّا السُّجُوْدُ فَاجْتَهِدُوْا فِي الدُّعَاءِ الخ»

''اور سجدہ کے اندر دعا میں کوشش کرو۔'' کے پیش نظر اس کی اجازت دی ہے، بہتر ہے ان ادعیہ کو سجدوں میں بدل بدل کر پڑھتا رہے۔

## فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1